حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا
جو شخص سورۂ بلد کو لکھ کر
کسی کمسن یا نومولود کے باندھے گا
تو بچہ ہر آفت اور رونے سے امن میں رہے گا۔
(تفسیرِ برہان۔ جلد8۔ صفحہ286)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim


بلاؤں اور آزمائشوں سے محفوظ
حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا
جو شخص جمعے کے دن دو رکعتوں میں پورے سورۂ ابراہیم
اور سورۂ حجر کی تلاوت کرے تو اس تک کبھی بھی
محتاجی، جنون اور بلا و آزمائش نہیں پہنچے گی۔
(ثواب الاعمال۔شیخ صدوق۔صفحہ118۔حدیث118)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim



# بواسیر سے نجات پائیں

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

اگر بواسیر کے مریض کے پاس
سورۂ اعلیٰ کی تلاوت کی جائے
تو بواسیر جڑ سے ختم ہو جائے گی
اور مریض کو جلد شفاء نصیب ہو گی۔

تفسیرِ برھان۔ج8۔ص260

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim




جس عورت پر بچے کی ولادت مشکل ہو
اگر سورۂ انشقاق کو لکھ کر اُسے باندھا جائے
یا اُس کے پاس اِس سورہ کی تلاوت کی جائے
تو ولادت آسان اور جلدی ہو گی۔

تفسیرِ برہان۔ جلد8۔ صفحہ244

www.facebook.com/madrasatulqaaim



# تباہی سے
# محفوظ تجارت

ارشادِ پروردگارِ عالم ہے:

یقیناً جو لوگ اللہ کی کتاب کی تلاوت کرتے ہیں
اور انہوں نے نماز قائم کی ہے
اور جو کچھ ہم نے بطور رزق دیا ہے
اس میں سے ہماری راہ میں خفیہ اور اعلانیہ خرچ کیا ہے
یہ لوگ ایسی تجارت کے امیدوار ہیں
جس میں کسی طرح کی تباہی نہیں ہے۔

(سورۂ فاطر
آیت 29)

www.facebook.com/madrasatulqaaim


تمام آسمانی کتابوں کی تلاوت کا ثواب
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
جو قل اعوذ بربّ الفلق
اور قل اعوذ بربّ الناس کی تلاوت کرے گا
گویا اس نے اللہ کی طرف سے
انبیاؑ پر نازل ہونے والی
تمام کتابوں کی تلاوت کی ہے۔
(تفسیرِ نورالثقلین
جلد5۔ صفحہ716)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# تمام مخلوقات اپنی نماز سے باخبر ہیں



ارشادِ پروردگارِ عالم ہے:

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّـهَ يُسَبِّحُ لَهُ مَن فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَالطَّيْرُ صَافَّاتٍ
كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهُ وَتَسْبِيحَهُ وَاللَّـهُ عَلِيمٌ بِمَا يَفْعَلُونَ

کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ کے لئے زمین و آسمان کی
تمام مخلوقات اور فضا کے صف بستہ طائر سب تسبیح کر رہے ہیں
اور سب اپنی اپنی نماز اور تسبیح سے باخبر ہیں
اور اللہ بھی ان کے اعمال سے خوب باخبر ہے۔

(سورۃالنور-آیت41)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# توفیق، حافظہ اور مقبولیت دلوانے والا سورہ



حضرت رسولِ خدا ﷺ نے فرمایا

جو باقاعدگی سے سورۂ شمس کی تلاوت کرے
تو اللہ تعالیٰ اسے توفیق عطا فرمائے گا
اسے زیادہ حافظہ عطا فرمائے گا
اور لوگوں میں باعظمت اور مقبول ہو گا۔

تفسیرِ برھان۔ج8۔ص296

www.facebook.com/madrasatulqaaim


ٹھنڈے شربت سے سیراب کرنے والا سورہ
حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا
جو سورۂ نباء کی تلاوت کرے گا
قیامت والے دن اللہ تعالیٰ
اسے ٹھنڈے شربت سے
سیراب کرے گا۔
تفسیرِ مجمع البیان۔ج 5۔ص420
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim


جنّت میں کسی بھی دروازے سے
داخل ہونے کا اجازت نامہ
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا
جو واجب یا مستحب نماز میں سورۂ اعلیٰ کی تلاوت کرے گا
انشاء اللہ قیامت والے دن اسے کہا جائے گا
کہ بہشت کے جس دروازے سے تمہارا جی چاہے داخل ہو جاؤ۔
تفسیرِ نورالثقلین
ج5۔ ص533
www.facebook.com/madrasatulqaaim



اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا
جو شخص بھی
عزّت کا طلبگار ہے
وہ سمجھ لے
کہ عزّت سب
پروردگار کیلئے ہے۔
(سورۃ فاطر۔آیت 10)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim

## قرآن سے مانوس ہو جائیے



حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا

جو قرآن کی تلاوت سے
مانوس ہو جاتا ہے
اُسے بھائیوں اور دوستوں کی
جدائی وحشت میں نہیں ڈالتی۔

(غرر الحکم)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

00923332136992

www.facebook.com/madrasatulqaaim



# جوانی کے عالَم میں تلاوتِ قرآن کا عظیم ترین اجر

**حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام نے فرمایا**

جو شخص تلاوتِ قرآن کرے جبکہ وہ جوان اور مومن ہو تو قرآن
اُس کے گوشت اور خون میں مخلوط ہو جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ اُسے کرامت اور نیکی کے دسترخوان پر قرار دیتا ہے
اور قرآن قیامت کے دن اُس کا دفاع کرنے والا ہو گا اور کہے گا: اے پروردگار! ہر عمل کرنے والے تک
اس کے عمل کا اجر پہنچ گیا ہے سوائے میرے عمل کرنے والے کے تو، تو اُس تک اپنی کریم عطا کو پہنچا
اِس پر اللہ تعالیٰ جنّت کے حلّوں میں سے دو حلّے اُسے پہنائے گا اور اس کے سر پر کرامت کا تاج رکھے گا
اور پھر فرمائے گا: کیا میں نے تم کو اِس معاملے میں اپنے سے راضی کر دیا؟
قرآن کہے گا: اے پروردگار! میں اس شخص کے حق میں ایسے اجر کی طرف رغبت رکھتا ہوں جو اِس سے افضل ہو۔
اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اس کی داہنی طرف کو امن اور بائیں طرف کو ہمیشگی عطا کی جائے گی پھر وہ جوان جنّت میں
داخل ہو گا اور اس سے کہا جائے گا ایک ایک آیت پڑھتا جا اور درجہ کی بلندی پر چڑھتا جا، پھر اس سے کہا جائے گا
کیا ہم نے تم کو پہنچا دیا اور ہم نے تم کو اپنے سے اِس معاملے میں راضی کر دیا؟
جواب میں وہ جوان کہے گا: ہاں۔ اور فرمایا: جو شخص کثرت سے تلاوت کرے اور قرآن کو
حفظ کرنے میں مشقّت اُٹھائے تو اللہ تعالیٰ اُس کو اِس کا دوگنا اجر عطا کرے گا۔

ثواب الاعمال
حدیث156

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim


حاملِ قرآن کی ذمّہ داری
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
حاملِ قرآن کو زیب نہیں دیتا
کہ جو اس سے غصّہ کرتا ہو
وہ بھی اُس کے ساتھ غصّہ سے پیش آئے
اور جو اس کے ساتھ جاہلانہ سلوک کرے
تو وہ بھی اُس کے ساتھ جاہلانہ سلوک کرے
اس لئے کہ اس کے دل میں قرآن ہوتا ہے۔
(میزانِ حکمت۔ جلد 8
صفحہ 140۔ حدیث 16195)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# حساب وکتاب کے خوف سے محفوظ رہنے کیلئے


حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا

جو شخص ہر مہینے سورۂ اعراف کی تلاوت کرے تو وہ قیامت کے دن
اُن لوگوں میں سے ہو گا جن کے اوپر نہ کسی قسم کا خوف ہو گا
اور نہ ہی وہ غمزدہ ہوں گے پس اگر اس کو ہر جمعے کو پڑھے
تو یہ ان لوگوں میں سے قرار پائے گا جن کا قیامت کے دن حساب نہیں لیا جائے گا
جان لو! کہ اس میں محکم باتیں ہیں پس تم لوگ اس کی تلاوت کو ترک نہ کرو
یہ قیامت کے دن ہر اس شخص کے حق میں گواہی دے گا
جس نے اس کی تلاوت کی ہو گی۔(ثواب الاعمال۔شیخ صدوق۔صفحہ117۔حدیث178)



MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim



خانہ کعبہ کی زیارت کروانے والا سورہ
حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا
جو ہر روز باقاعدگی سے سورۂ نباء کی تلاوت کرے گا
اسے انشااللہ ایک سال کے اندر اندر
خانۂ کعبہ کی زیارت نصیب ہوگی۔
بحار الانوار۔ ج92۔ ص319
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim


ختمِ قرآن کے وقت امیر المومنین امام علیؑ کی دُعا
خداوندا! قرآن کے ذریعے میرے سینے کو کشادہ کردے
قرآن ہی کیلئے میرے بدن کو کام میں لا
قرآن کے ساتھ میری آنکھوں کو روشن کردے
اور قرآن کے صدقہ میں میری زبان کو چلاتا رہ
اور جب تک تو مجھے زندہ رکھے، میری اس پر امداد فرما
کیونکہ قوّت صرف تیرے ہی پاس ہے۔
بحارالانوار۔ جلد 92 ۔ صفحہ 249
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim



خدا کی اِطاعت میں مددگار سورہ
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
جو سورۂ دھر کی
باقاعدگی سے تلاوت کرے گا
اُس کا ضعیف نفس قوی ہوجائے گا۔
تفسیرِ برہان
ج 8۔ص 174
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim
00923332136992


MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
قرآنی دعا
خدایا! مجھے علم و حکمت عطا فرما
اور مجھے صالحین کے ساتھ ملحق کر دے۔
(سورۃ الشعراء۔آیت83)
www.facebook.com/madrasatulqaaim



خوف اور مشکلات سے نجات والا سورہ
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
سورۂ بروج کی تلاوت
ہر قسم کے خوف
اور مشکلات سے
نجات کا سبب ہے۔
(مکارم اخلاق۔ ص 420)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# دشمن پر غالب کرنے والا قرآنی سورہ



حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

جو اپنے اور کسی دوسرے کے درمیان
فیصلے کے وقت سورۂ مرسلات کی تلاوت کرے گا
تو اللہ اسے دشمن پر تقویت دے گا
اور کامیابی سے ہمکنار کرے گا۔

تفسیرِ برہان۔ ج8۔ ص193

www.facebook.com/madrasatulqaaim


دُگنا ثواب والا صدقہ
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
قریبی رشتہ دار کو صدقہ دینا
دُگنے اجر کا
موجب ہوتا ہے۔
(میزانِ حکمت۔ جلد 5
صفحہ 496۔ حدیث 10410)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# دوزخ سے امان نامہ

حضرت امام موسیٰ کاظمؑ نے فرمایا کہ
میرے اجداد میں سے کسی ایک معصومؑ نے ایک آدمی کو
سورۂ الحمد پڑھتے ہوئے سُنا تو فرمایا: یہ شخص شکرِ خدا بجا لایا اور اِسے
اجر مل گیا، پھر اسی شخص کو قل ھو اللہ پڑھتے سُنا تو فرمایا یہ شخص ایمان
لے آیا اور عذابِ الٰہی سے محفوظ رہا پھر اسی شخص کو انا انزلنا پڑھتے
سُنا تو فرمایا اس نے سچ کہا اور اس کے گُناہ بخش دیئے گئے پھر اُس
شخص کو آیت الکرسی پڑھتے سُنا تو فرمایا:
اسے مبارک ہو کہ اس کے لئے دوزخ سے امان نامہ لکھ دیا گیا۔

**امالی۔شیخ صدوق**
**صفحہ361**

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# رزق میں سلامتی اور حفظانِ صحت کیلئے



حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا

## جو شخص سورۂ غاشیہ کو کھانے پینے کی چیزوں پر پڑھے گا
## تو وہ ان کے مضر اثرات سے محفوظ رہے گا
## اور اللہ اُس رزق میں سلامتی قرار دے گا۔

تفسیرِ برہان۔8جلد۔صفحہ 267

www.facebook.com/madrasatulqaaim


رسولؐ اللہ سے محبّت پیدا کرنے والا سورہ
حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام نے فرمایا
جو سورۂ مرسلات کی تلاوت کرے
تو اللہ اُس کے
اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے درمیان
آشنائی پیدا فرمائے گا۔
تفسیرِ صافی
ج 5 - ص 227
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim


رسولؐ اللہ سے محبّت پیدا کرانے والا سورہ
حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام نے فرمایا
جو سورۂ مرسلات کی تلاوت کرے
تو اللہ اُس کے
اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے درمیان
آشنائی پیدا فرمائے گا۔
تفسیرِ صافی
ج 5 - ص 227
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim



MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
00923332136992
رسولؐ اللہ کے دیدار کے مشتاق کیا کریں؟
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
جو قیامت کے دن میرے دیدار کا مشتاق ہے
وہ اذا الشّمس کوّرت (سورۂ تکویر) کی تلاوت کرے۔
(تفسیرِ نمونہ۔ جلد26۔ صفحہ167)
www.facebook.com/madrasatulqaaim


رسولؐ اللہ کی
ہمراہی دلوانے والا سورہ
حضرت امام محمد باقر
علیہ السّلام نے فرمایا
جو ہر جمعرات کی صبح
سورۂ دھر کی تلاوت کرے گا
تو اسے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی
ہمراہی نصیب ہو گی۔
تفسیرِ مجمع البیان
ج10۔ص402
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim


زہر اور سانپ کے کاٹے کا علاج
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
جو زہر پی لے یا زہریلا سانپ اسے ڈس لے
تو پانی پر سورۂ بروج پڑھ کر اُس شخص کو پلا دیا جائے
تو انشااللہ زہر نقصان نہیں پہنچائے گا۔
بحارالانوار
جلد 92
صفحہ 321
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim


زہر کے نقصان سے بچنے کیلئے
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
جو زہر پی لے یا زہریلا سانپ اسے ڈس لے
تو پانی پر سورۂ بروج پڑھ کر اُس شخص کو پلا دیا جائے
تو انشاالله زہر نقصان نہیں پہنچائے گا۔
بحارالانوار
جلد 92
صفحہ 321
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim


سفر کی مشکلات سے نجات کیلئے
حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا
اگر مسافر اپنے سفر کے دوران
سورۂ عبس کی تلاوت کرے
تو یہ سورہ اُسے سفر کی مشکلات سے
نجات دینے کیلئے کافی ہے۔
تفسیرِ برہان۔جلد8۔صفحہ211
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim



# سورۂ انسان (دہر) کی تلاوت کا انعام

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

جو سورۂ انسان کی تلاوت کرے گا
تو اللہ تعالیٰ جزا کے طور پر
جنّت اور نعمتیں عطا کرے گا۔

(تفسیر برہان۔ ج 8۔ ص 174)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim


سورۂ بقرہ
کا سردار
آیۃ الکرسی
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
سب کلاموں کا سَرتاج قرآن ہے
اور قرآن میں سردار سورۂ بقرہ ہے
اور سورۂ بقرہ میں سردار آیت الکرسی ہے۔
(مجمع البیان۔ جلد1۔ صفحہ 261)
www.facebook.com/madrasatulqaaim


سورۂ دھر کے مختلف نام
اِس سورہ کو
دھر
انسان
ھل اتیٰ
اور ابرار
کے نام سے بھی
یاد کیا جاتا ہے۔
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim


MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
سورۂ مائدہ پڑھنے کا ثواب
حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا
جو شخص ہر جمعرات کے دن
سورۂ مائدہ کی تلاوت کرے
تو اس کا ایمان کسی ظلم کی وجہ سے
کبھی شرک میں مبتلا نہ ہو گا۔
ثواب الاعمال
شیخ صدوقؒ۔حدیث173
www.facebook.com/madrasatulqaaim


MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
شفاء بخش سورہ
سورۃ الدھر
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
جو سورۂ دھر کو لکھ کر اسکا پانی پیئے گا
تو اس سے دل کا درد بہتر ہو گا
جسم صحیح و سالم ہو جائے گا
اور بیماری سے نجات پائے گا۔
(تفسیرِ برھان۔ ج8۔ ص174)
www.facebook.com/madrasatulqaaim



# شفاء کیلئے


حضرت
امام جعفر صادق علیہ السلام
نے فرمایا

جو سورۂ طارق کو کسی چیز پر پڑھے
اور اسے دوا سمجھ کر پی لے تو اُسے شفا ملے گی۔

تفسیر برہان۔ جلد 8۔ صفحہ 256

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# صحفِ انبیاءؑ کے
# ہر حرف کے برابر ثواب



حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

## جو سورۂ اعلیٰ کی تلاوت کرے گا
## تو اللہ اسے حضرت ابراہیمؑ، حضرت موسیٰؑ
## اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہونے والے
## ہر حرف کی تعداد کے برابر ثواب دے گا۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

تفسیرِ برہان۔ج8۔ص260

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# ظلم اور شرک سے محفوظ رہنے کا طریقہ

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا

جو شخص ہر جمعرات کو
سورۂ مائدہ کی تلاوت کرے گا
تو اسکا ایمان کسی ظلم کی وجہ سے
کبھی شرک میں مبتلا نہیں ہو گا۔

(ثواب الاعمال۔شیخ صدوق۔صفحہ116۔حدیث176)



www.facebook.com/madrasatulqaaim


عظیم ترین صدقہ
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
حضرت رسولِ خدا ﷺ
نے فرمایا
جو شخص سورۂ شمس کی تلاوت کرے گا
تو گویا اُس نے ہر اس چیز کا صدقہ دیا ہے
جس پر سورج اور چاند چمکتے ہیں۔
تفسرِ مجمع البیان-جلد10-صفحہ496
www.facebook.com/madrasatulqaaim


فالج اور بخار سے محفوظ رہنے کیلئے
یا علی بن موسی الرضا
حضرت امام علی رضا علیہ السلام نے فرمایا
جو شخص سوتے وقت آیت الکرسی کی تلاوت کرے
تو اسے فالج کا خوف نہیں رہے گا ان شااللہ
اور جو شخص ہر نماز کے بعد آیت الکرسی کی تلاوت کرے
تو اُسے بخار نقصان نہیں پہنچائے گا۔
(ثواب الاعمال
حدیث171)
www.facebook.com/madrasatulqaaim
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)


قبر کی تنگی سے نجات پائیں
امیرالمومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا
جو شخص ہر جمعہ والے دن
سورۂ نساء کی تلاوت کرے گا
اُسے قبر کی تنگی اور
اضطراب سے امان دی جائے گی۔
(ثواب الاعمال۔شیخ صدوق۔صفحہ116۔حدیث175)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim



# قبر میں تعلیمِ قرآن

حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام نے فرمایا:

اگر ہمارے محبّوں اور شیعوں میں سے کوئی مر جاتا ہے
اور وہ اچھی طرح قرآن پڑھنا نہیں جانتا ہو
تو قبر میں اسے قرآن کی تعلیم دی جاتی ہے
تاکہ خدا اسکو بلند درجہ عطا کرے
کیونکہ درجاتِ بہشت قرآنی آیات کی تعداد جتنے ہیں،
وہاں قاریٔ قرآن سے کہا جاتا ہے قرآن پڑھو
اور اگلے درجے میں چلے جاؤ۔

ثواب الاعمال۔ ص276

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# قرآن کا حُسن کیا ہے؟

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

قرآن کو اپنی آوازوں کے ساتھ حُسن عطا کرو

کیونکہ اچھی آواز ہی قرآن کے حُسن میں اضافہ کرسکتی ہے۔

(میزانِ حکمت۔ جلد 8۔ صفحہ 144)


---

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

خداوندِ عالم نے ہمیشہ اچھی آواز والے کو ہی نبی بنا کر بھیجا۔

اُصولِ کافی

جلد 2۔ صفحہ 616



MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

مدرسۃ القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim

00923332136992



MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
قرآنِ کریم کی تلاوت سے محروم
گھر پر مصیبتوں کا نزول
حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا
وہ گھر جس کے اندر قرآنِ کریم نہیں پڑھا جاتا
اور اللہ تعالیٰ کو یاد نہیں کیا جاتا
تین مصیبتیں اس گھر میں داخل ہوتیں ہیں:
1۔ برکت کم ہو جاتی ہے۔
(ہمیشہ مالی مشکل رہتی ہے)
2 ۔ فرشتے اس گھر کو چھوڑ دیتے ہیں
(برکت سے محروم ہو جاتا ہے)۔
3۔ شیاطین اس گھر میں داخل ہو جاتے ہیں
(جھگڑے اور ویرانی ہو جاتی ہے)۔
(اُصولِ کافی۔ جلد 2۔ ص499 ح1)
www.facebook.com/madrasatulqaaim


قیامت کے دن
مقرّبین میں سے ہوجائیں
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا
جو شخص سورۂ یونس کو
ہر دو مہینے میں یا تین مہینے میں پڑھے
تو اس کے اوپر خوف نہیں ہو گا
کہ وہ جاہلوں میں سے قرار پائے اور وہ
قیامت کے دن مقرّبین میں سے ہو گا۔
(ثواب الاعمال۔شیخ صدوق۔صفحہ117۔حدیث180)
www.facebook.com/madrasatulqaaim


قیامت کے دن اپنی قبر سے
مسکراتے ہوئے اٹھنے کیلئے
حضرت رسولِ خدا ﷺ
نے فرمایا
جو کوئی بھی
سورۂ عبس کی تلات کرے گا
تو قیامت والے دن وہ شخص
اپنی قبر سے ہنستے
مسکراتے ہوئے باہر آئے گا۔
تفسیرِ برهان
جلد8۔ صفحہ211
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# قیامت کے دن سایہ فراہم کرنے والے دو سورہ



حضرت
امام جعفر صادق علیہ السلام
نے فرمایا

جو کوئی سورۂ عبس
اور تکویر کی تلاوت کرے گا
تو وہ خدا کے زیرِ سایہ ہوگا
اور دوسروں کی خیانت سے محفوظ رہے گا
اور وہ خدا کے سائے اور کرامتِ خدا کا حقدار ہوگا
اور جنّت میں جائے گا، اگر خداوندِ متعال چاہے تو
یہ اُس کی ذات کیلئے کوئی بڑا کام نہیں ہے۔

بحارالانوار۔ جلد92 صفحہ320

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# قیامت کے دن سائے میں رکھنے والا سورہ




حضرت
امام جعفر صادق علیہ السلام
نے فرمایا

جو کوئی سورۂ عبس
اور تکویر کی تلاوت کرے گا
تو وہ خدا کے زیرِ سایہ ہوگا
اور دوسروں کی خیانت سے محفوظ رہے گا
اور وہ خدا کے سائے اور کرامتِ خدا کا حقدار ہوگا
اور جنّت میں جائے گا، اگر خداوندِ متعال چاہے تو
یہ اُس کی ذات کیلئے کوئی بڑا کام نہیں ہے۔

بحارالانوار۔ جلد92 صفحہ320

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim



روزِ قیامت
مختصر وقت میں
حساب کتاب
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
جو سورۂ نباء کی تلاوت کرے گا
اور اسے یاد کرے گا تو قیامت والے دن اس کا
صرف سورہ لکھنے کے وقت کے برابر حساب ہو گا
یہاں تک کہ جنّت میں داخل ہو گا۔
(تفسیرِ برہان۔ جلد8۔ صفحہ193)
00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# قیامت میں محاسبہ سے بری ہونے کیلئے

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا

تم لوگ سورۂ طٰہٰ کی تلاوت کو ترک نہ کرو
بیشک اللہ تعالیٰ اس سے محبّت کرتا ہے
اور اس کی قرأت سے محبّت کرتا ہے
جو شخص ہمیشہ اس کو پڑھتا رہے گا
تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کے
داہنے ہاتھ میں نامۂ اعمال عطا فرمائے گا
اور اس کے ان اعمال کا حساب نہیں لے گا
جو اس نے اسلام میں ہوتے ہوئے
انجام دیئے تھے اور اس کو
آخرت میں اتنا اجر دیا جائے گا
کہ وہ راضی ہو جائے گا۔


(ثواب الاعمال۔شیخ صدوق
صفحہ119۔حدیث189)



www.facebook.com/madrasatulqaaim


MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
قید سے رہائی کیلئے
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا
قید خانے میں گرفتار شخص سورۂ انفطار کی تلاوت کرے
اور اسے اپنے پاس رکھے تو اسکی رہائی میں آسانی پیدا ہو گی
قید سے آزادی ملے گی
خوف کرنے اور خائف رہنے سے محفوظ ہو گا
اور خدا کے حکم سے جلد ہی اسکے حالات کی اصلاح ہو جائے گی۔
(تفسیرِ برہان۔ جلد 8۔ صفحہ 229)
www.facebook.com/madrasatulqaaim


کان کے امراض میں
شفایابی کیلئے مددگار سورہ
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
کان کے دَرد والے مریض کے پاس
اگر سورۂ اعلیٰ کی تلاوت کی جائے
تو کان کا دَرد ٹھیک ہو جائے گا۔
تفسیرِ برہان۔ج8-ص260
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim


کان کے دَرد کو
ٹھیک کرنے والا سورہ
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
کان کے دَرد والے مریض کے پاس
اگر سورۂ اعلیٰ کی تلاوت کی جائے
تو کان کا دَرد ٹھیک ہو جائے گا۔
تفسیرِ برہان۔ج 8-ص 260
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# کثرت پر نہ جائیے

ارشادِ پروردگارِ عالم ہے:

قُل لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ أَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيثِ ۚ فَاتَّقُوا اللَّهَ يَا أُولِي الْأَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ

پیغمبرؐ آپ کہہ دیجئے کہ خبیث اور پاکیزہ برابر نہیں ہو سکتے
چاہے خبیث کی کثرت اچھی ہی کیوں نہ لگے
صاحبانِ عقل اللہ سے ڈرتے رہو شاید کہ تم اس طرح کامیاب ہو جاؤ۔

سورۃ المائدہ۔آیت100



MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

مدرسۃ القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim


کیا آپ امامِ زمانہؑ کے اصحاب میں شامل ہونا چاہتے ہیں؟
حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا
جو شخص ہر شبِ جمعہ سورۂ بنی اسرائیل کی تلاوت کرے گا
تو جب تک وہ حضرت امامِ زمانہؑ کی زیارت سے مشرّف نہ ہو گا
اور اُنؑ کے اصحاب میں سے نہ ہو گا، نہیں مرے گا۔
(ثواب الاعمال۔شیخ صدوق۔صفحہ118۔حدیث186)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim


کیا آپ خدا کے
صالح بندوں میں شامل ہونا چاہتے ہیں؟
حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا
جو شخص ہر دن میں یا ہر رات میں
سورۂ یوسف کی تلاوت کرے
تو اللہ تعالیٰ اسے قیامت میں اِس عالم میں اُٹھائے گا
کہ اُس کا جمال یوسفؑ کے جمال جیسا ہو گا
اور قیامت کے دن کوئی دہشت اُس تک نہیں پہنچے گی
اور وہ اللہ تعالیٰ کے پسندیدہ صالح بندوں میں سے ہو گا۔
(ثواب الاعمال۔شیخ صدوق۔صفحہ182۔حدیث118)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# کیا آپ شہادت کی خواہش رکھتے ہیں؟



حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا

**جو ہر جمعہ سورۂ کہف کی تلاوت کرے گا**
**تو وہ شہید کی موت مرے گا**
**اور شہداء کے ساتھ اُٹھے گا**
**اور قیامت والے دن**
**شہداء کے ہمراہ ہو گا۔**

(ثواب الاعمال۔شیخ صدوق
صفحہ119۔حدیث187)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim


گودام کی
حفاظت کیلئے
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
جو سورۂ مطفّفین کو
کسی گودام وغیرہ پر پڑھے گا
تو اللہ کے حکم سے
گودام ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔
تفسیرِ برہان۔ جلد8۔ صفحہ232
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim



# قبر میں قرآن کی تعلیم

حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام نے فرمایا:


اگر ہمارے محبّوں اور شیعوں میں سے کوئی مر جاتا ہے
اور وہ اچھی طرح قرآن پڑھنا نہیں جانتا ہو
تو قبر میں اسے قرآن کی تعلیم دی جاتی ہے
تاکہ خدا اسکو بلند درجہ عطا کرے
کیونکہ درجاتِ بہشت قرآنی آیات کی تعداد جتنے ہیں،
وہاں قاریٔ قرآن سے کہا جاتا ہے قرآن پڑھو
اور اگلے درجے میں چلے جاؤ۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

ثواب الاعمال۔ ص276

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# منافقت سے بچنے اور امام علیؑ کا حقیقی شیعہ بننے کیلئے



حضرت
امام جعفر صادق علیہ السلام
نے فرمایا

جو شخص سورۂ انفال اور سورۂ برائت کو ہر مہینے میں پڑھے
تو نفاق کبھی بھی اس میں داخل نہیں ہو گا
اور وہ امیرالمومنینؑ کے شیعوں میں سے ہو گا۔

(ثواب الاعمال۔شیخ صدوق۔صفحہ117۔حدیث176)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim



موت کے وقت پیاس سے بچانے والا سورہ
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا
جو سورۂ نازعات کی تلاوت کرے گا
وہ سیراب ہو کر مرے گا
اور سیراب اُٹھایا جائے گا
نیز سیراب ہو کر جنّت میں داخل ہو گا۔
تفسیرِ صافی۔ جلد5۔ صفحہ283
00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim


نامۂ اعمال کُھلنے کے وقت رسوائی سے بچانے والا سورہ
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
سورۂ تکویر کی تلاوت کرنے والا
قیامت والے دن نامۂ اعمال کھلنے کے وقت
رسوائی سے اللہ کی پناہ میں ہو گا
اور امن دینے والے
نبی اسلامؐ کی طرف دیکھ رہا ہو گا۔
تفسیرِ برہان
جلد8۔ صفحہ218
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim


نبیوں کے درجے تک پہنچنے کیلئے
حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا
جو شخص سورۂ ہود کی تلاوت ہر جمعہ کے دن کرے
تو اللہ تبارک و تعالیٰ اُسے قیامت کے دن
نبیوں کے زُمرے میں محشور فرمائے گا
اور قیامت کے دن اُس کیلئے
کسی خطا والے عمل کو جانا نہیں جائے گا۔
(ثواب الاعمال۔شیخ صدوق۔صفحہ117۔حدیث181)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim



نیکیاں ہی نیکیاں
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
جو سورۂ انفطار کی تلاوت کرے گا
اللہ اسے قبروں اور
پانی کے قطروں کی تعداد کے برابر
نیکیاں اور ثواب دے گا۔
(تفسیرِ مجمع البیان۔ جلد5۔ صفحہ447)
www.facebook.com/madrasatulqaaim
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

# ہمیشہ کیلئے جہنّم سے امان پانے کا آسان حل




جنابِ ابن عباسؓ روایت کرتے ہیں کہ

**جو ہر رات سورۂ انعام کی تلاوت کرے**
**تو وہ قیامت والے دن امن میں ہو گا**
**اور وہ کبھی جہنّم کو اپنی آنکھوں سے نہیں دیکھے گا۔**

(ثواب الاعمال۔شیخ صدوق۔صفحہ116۔حدیث177)

www.facebook.com/madrasatulqaaim


ارشادِ خداوندی ہے
وہ خدا جس طرح چاہتا ہے
رحمِ مادر کے اندر تصویریں بناتا ہے
اس کے علاوہ کوئی خدا نہیں ہے
وہ صاحبِ عزّت بھی ہے اور صاحب حکمت بھی۔
(سورۃ آل عمران۔آیت6)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim


قرآنی دعا
وہی موت دیتا ہے
اور پھر وہی زندہ کرتا ہے
اور اسی سے یہ امید ہے
کہ روزِ حساب
میری خطاؤں کو معاف کر دے۔
(سورۃ الشعراء۔صفحہ 81،82)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim